عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سُنّی دارالاشاعت علویہ رضویہ لائل پور
ڈجکوٹ روڈ
NATIONAL BLOCK

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ متضمن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیٰحضرت مجدد مأتہ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مُسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا

الناشر سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

کی حالت میں بعض کو جگہ اصلا نہ مل سکے یا بارش ہو یا سخت دھوپ ناقابل برداشت۔ خزانۃ المفتین میں ہے۔ لولم یتقدم الا انہ قام عن میمنۃ الصف او میسرتہ او وسطہ فانہ یجوز ویکرہ اھ غنیہ میں ہے وذکر شمس الائمۃ الحلوانی ان الصلاۃ علی الرفوف فی الجامع من غیر ضرورۃ مکروہ وعند الضرورۃ بان امتلاء المسجد لاباس بہ ھکذا یحکی عن الفقیہ ابی اللیث فی الطاق انہ اذا ضاق المسجد عن القوم لا یکرہ الانفراد الامام فی الطاق ھکذا ذکر فی الکفایۃ در مختار میں ہے ولو کان موضع سجودہ ارفع من موضع القدمین بمقدار لبنتین منصوبتین جاز سجودہ وان اکثر لا الا لزحمۃ کما مر۔ رامے فی السجود علی الظھر فانہ ارفع من نصف ذراع او مریدا من رد المختار **اقول** فاذا جاز لزحمۃ ما لا یجوز ای السجود علی ارفع من لبنتین منصوبتین فلان یجوز لزحمۃ ما ھو مکروہ ای القیام وسط الصف کما مر عن الخزانۃ اولی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۵: نبی کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم کو فخر جہاں کہنا کیسا ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب: فخر عالم یا فخر جہاں کہنا بے معنی ہے۔ شاہ جہاں کہہ سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضور کا ادب

مسئلہ ۶: اس شعر میں شرعاً کیا خرابی ہے۔

مصطفےٰ کی ناخدائی سے رہائی مل گئی　،　ورنہ بیڑا نوح کا منجدھار میں غرق آب تھا

الجواب: (مصرعہ اول) اس کے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ ناخدائی بلا تھی، اس سے چھوٹ گئے (مصرعہ دوم) یہ زیادتی ہے وہ پانی عذاب کا تھا اور انبیاء عذاب سے منزہ ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۷: مجھے اپنا مکھڑا دکھا شاہ جیلاں" میں لفظ مکھڑا" کا استعمال ٹھیک ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: یہ لفظ تصغیر کا ہے اکابر کی مدح میں منع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

اکابر کا احترام

مسئلہ ۸: جن کی ہر چیز کی مولیٰ نے قسم کھائی ہو" میں مولیٰ کی طرف کھانے کی نسبت صحیح ہے یا نہیں بینوا توجروا۔

الجواب: اللہ عزوجل کی طرف کھانے کی نسبت صحیح نہیں۔ مولیٰ کی جگہ قرآن بنا دیا گیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

صحیح نہیں

مسئلہ ۹: جلنا بھننا غم دوری میں رہا کام اپنا　،　کونسا روز ہے جس میں بجھے کل آئی ہے۔

یہ شعر کیسا ہے۔ بینوا توجروا۔

//

الجواب: ایسے مضمون جو خلاف واقع ہوں عرض کرنا جائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔